FGSTUDY.COM ایف جی اسٹڈی ڈاٹ کام

## سیکنڈری سکول پارٹ-I، کلاس نہم (1st A 124)

مارکس : 60

اُردو (لازمی) دوسرا گروپ

### انشائی

وقت : 2:10 گھنٹے

### حصہ اول (6+4 = 10)

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (3x2=6)

(حصہ نظم)

i - ہے تیرے گلستان میں بھی فصلِ خزاں کا دور ...... خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار سے

ii - سبزوں کی لہلہاہٹ، کچھ ابر کی سیاہی ...... اور چھا رہی گھٹائیں سرخ اور سفید کاہی

iii - جچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سلطانی ...... کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

iv - یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا ...... مکاں میں بھی تُو، لامکاں میں بھی تُو ہے

(حصہ غزل)

i - میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز ...... اُسی خانہ خراب کی سی ہے

ii - برہمن کو باتوں کی حسرت رہی ...... خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

iii - جان تم پر نثار کرتا ہوں ...... میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

### حصہ دوم (4+6 = 10)

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:-

(الف) ہم قبول کرتے ہیں کہ ہندوستان میں ہندوستانیوں کے لیے ایسے کام بہت کم ہیں، جن میں اُن کو قوائے دلی اور قوتِ عقلی کو کام میں لانے کا موقع ملے اور برخلاف اس کے اور ولایتوں میں اور خصوصاً انگلستان میں، وہاں کے لوگوں کے لیے ایسے موقعے بہت ہیں اور اس میں بھی کچھ شک نہیں کہ اگر انگریزوں کو بھی کوشش اور محنت کی ضرورت اور اُس کا شوق نہ رہے، جیسا کہ اب ہے، تو وہ بھی بہت جلد وحشت پنے کی حالت کو پہنچ جاویں گے۔

(ب) دن بھر اُلّو آرام کرتا ہے اور رات بھر ہُو ہُو کرتا ہے۔ اس میں کیا مصلحت پوشیدہ ہے؟ میرا قیاس اتنا ہی صحیح ہے جتنا کہ آپ کا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ اُلّو تُو ہی تُو کا وظیفہ پڑھتا ہے۔ اگر یہ سچ ہے تو وہ ان خود پسندوں سے ہزار درجہ بہتر ہے، جو ہر وقت مَیں ہی مَیں کا وِرد کرتے رہتے ہیں۔

(ورق اُلٹیے)

FGSTUDY.COM ایف جی اسٹڈی ڈاٹ کام

FGSTUDY.COM FGSTUDY.COM FGSTUDY.COM FGSTUDY.COM FGSTUDY.COM
ایف جی اسٹڈی ڈاٹ کام ایف جی اسٹڈی ڈاٹ کام ایف جی اسٹڈی ڈاٹ کام ایف جی اسٹڈی ڈاٹ کام



4- درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i- مولوی عبدالحق نے میر اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟

ii- انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟

iii- افسانہ کی تعریف کیا ہے؟

iv- مصرعے کے کتنے اجزاء ہیں؟

v- کوئل کے گانے کی کیا وجہ ہے؟

vi- "مطلع" کے معنی کیا ہیں؟

vii- محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

viii- میر کی نصابی غزل سے قافیہ کی مثال دیجیے۔

5- درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (8)

(الف) ہجرت نبوی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم (ب) لہو اور قالین

6- شامل نصاب نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7- اپنی والدہ کو خط لکھیے اور موسم گرما کی تعطیلات کا پروگرام بتائیے۔ یا جناب ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست تحریر کیجیے اور اپنے علاقے کی ناقص صفائی کی شکایت کیجیے۔ (10)

8- پڑھائی کے موضوع پر دو ہم جماعتوں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا "عقل مند بیوی" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ (6)

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

i- اس نے کتاب کو خریدا۔

ii- ہمت کو نہ ہارو۔

iii- اللہ کا نام لے کر کمر کو باندھ لو۔

iv- سماعت کراچی چلی گئیں۔

v- آسمان سے ملاقاتیں کرنا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

i- بوڑھی گھوڑی ________

ii- بات [illegible] میں ________

iii- [illegible] ________

iv- گڑ سے جو مرے تو ________

v- دل کو دل سے ________



FGSTUDY.COM FGSTUDY.COM FGSTUDY.COM FGSTUDY.COM FGSTUDY.COM

اُردو (لازمی)　　پہلا گروپ　　1st A 123 (سیکنڈری سکول پارٹ I ، کلاس نہم)　　پرچہ I

وقت: 2:10 گھنٹے　　انشائی　　مارکس: 60

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (6+4 = 10)

### (حصہ نظم)

i - گو سب سے مقدّم ہے حق تیرا ادا کرنا …… بندے سے مگر ہوگا حق کیسے ادا تیرا (3x2=6)
ii - صبا بے شک آتی مدینے سے تُو ہے …… کہ تجھ میں مدینے کے پھولوں کی بُو ہے
iii - سب بھٹکتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی …… یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!
iv - جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور …… رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

### (حصہ غزل)

i - نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے …… پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے (2x2=4)
ii - ہم ہیں مُشتاق اور وہ بیزار …… یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے
iii - ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں …… اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (5+5 = 10)

(الف) جو خطوط اُنھوں نے اپنے دوستوں کو لکھے ہیں ، ان کے ایک ایک حرف سے مہر و محبت ، غم خواری و یگانگت ٹپکی پڑتی ہے۔ ہر ایک خط کا جواب لکھنا اپنے ذمّے فرضِ عین سمجھتے تھے۔ ان کا بہت سا وقت دوستوں کو جواب لکھنے میں صرف ہوتا تھا۔

(ب) آپ نے میری حالت کا اندازہ لگا لیا اور اس بات پر اصرار کیا کہ مَیں اپنے غربت کدے سے نکل کر آپ کے ہاں آ جاؤں تا کہ اطمینان کے ساتھ فن کی خدمت کر سکوں۔ آپ نے میرے لیے یہ کمرا وقف کر دیا۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i - انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟

ii - روزانہ آرام وسکون نہ کیا جائے تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

iii - اختر کے نزدیک نیازی کا قاتل کون تھا؟

iv - بُلبُل کے گانے کی کیا وجہ ہے؟

v - سلیم میاں کا مشغلہ کیا تھا؟

vi - بادِ صبا گھر گھر کیا لیے پھرتی ہے؟

vii - اقبالؒ نے ڈالی اور شجر سے کیا مراد لیا ہے؟

viii - شاعر نے کسے ناداں کہا ہے؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) مرزا غالبؔ کے عادات وخصائل (ب) لہو اور قالین

6 - شاملِ نصاب نظم " پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ " کا مرکزی خیال **یا** خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7 - کسی فیکٹری کے مینیجر کے نام خط لکھیے جس میں فیکٹری دیکھنے کی اجازت مانگیے۔ **یا** اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

8 - " عقل مند بیوی " کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ **یا** دکاندار اور خریدار کے درمیان " مہنگائی " پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

9 - درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

i - کتابیں، کاپیاں، رجسٹر سب کچھ جل گئے۔

ii - لڑکیوں نے کہا ہم کھیلتی ہیں۔

iii - اسامہ نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔

iv - ہم کو حج کرنا ہے۔

v - ہمیں چاہیے کہ ہمت کو نہ ہاریں۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

i - لاد دے لدا دے لادنے والا ____________ ۔

ii - شیخی اور ____________ ۔

iii - فقیر کی صورت ____________ ۔

iv - سوت نہ کپاس جولاہے سے ____________ ۔

v - باسی کڑھی میں ____________ ۔

اُردو (لازمی)　　دوسرا گروپ　　1st A 123 (سیکنڈری سکول پارٹ I ، کلاس نہم)　　پرچہ I

وقت: 2:10 گھنٹے　　انشائی　　مارکس : 60

## حصہ اول

**2** - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجئے : (6+4 = 10)

### (حصہ نظم)

(3x2=6)

i - سُنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں ...... ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

ii - ملّت کے ساتھ رابطۂ استوار رکھ ...... پیوستہ رہ شجر سے، اُمیدِ بہار رکھ!

iii - پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں ...... گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

iv - چڑھتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی ...... کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

### (حصہ غزل)

(2x2=4)

i - آتشِ غم میں دل بھنا شاید ...... دیر سے بُو کباب کی سی ہے

ii - بُلبل کو باغباں سے نہ صَیّاد سے گِلہ ...... قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

iii - جان تُم پر نثار کرتا ہوں ...... میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

## حصہ دوم

**3** - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھئے:- (5+5 = 10)

(الف) اس وقت جب کہ دعوتِ حق کے جواب میں ہر طرف سے تلوار کی جھنکاریں سنائی دے رہی تھیں، حافظِ عالَم نے مسلمانوں کو دارالامان مدینہ کی طرف رُخ کرنے کا حکم دیا ، لیکن خود وجودِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو اُن ستم گاروں کا حقیقی ہدف تھا ، اپنے لیے حکمِ خدا کا منتظر تھا۔

(ب) آپ ابھی تک اِسے ایک مذاق سمجھ رہے ہیں حالانکہ مَیں بالکل نارمل ہوں۔ ابھی تک آپ تصویر کا ایک ہی رُخ دیکھ رہے ہیں اور اب اس کا دوسرا رُخ دیکھیے جو اتنا بھیانک اور اتنا خوفناک ہے کہ آپ کے تصوّرات کا شیش محل ابھی زمین بوس ہو جائے گا۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ (10)

i - خواجہ باسط نے میرؔ اور مرزاؔ کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟

ii - حضرت بی کون تھیں اور انہوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟

iii - الگو چودھری کے پنچ مقرر ہونے پر شیخ جمن کیوں خوش تھا؟

iv - ہم ہر خوش گلو پرندے کو بلبل سمجھتے ہیں۔ اس میں قصور کس کا ہے؟

v - سلیم میاں کا مشغلہ کیا تھا؟

vi - پھولوں میں کس شہر کی خوشبو ہے؟

vii - جیب گل کس چیز سے خالی ہے؟

viii - میرؔ نے "نیم باز آنکھوں کی مستی" کو کیا قرار دیا؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے۔ (5)

(الف) ہجرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ب) قدرِ ایاز

6 - شاملِ نصاب نظم " حمد " کا مرکزی خیال **یا** خلاصہ لکھئے اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ (5)

7 - اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجئے۔ **یا** ریڈیو کی آواز کم کرنے کے لیے ہمسائے کے نام خط لکھئے۔ (10)

8 - " سچ کی برکت " کے عنوان پر کہانی تحریر کیجئے۔ **یا** مریض اور ڈاکٹر کے درمیان ایک مکالمہ تحریر کیجئے۔ (5)

9 - درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ (5)

i - میں نے کتاب پڑھنا ہے۔

ii - ہم نے حج کرنا ہے۔

iii - ریوڑ جنگل میں چر رہے ہے۔

iv - علی نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔

v - دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجئے۔

i - تخم تاثیر ____________ ۔

ii - غریب کی جورو ____________ ۔

iii - طویلے کی بلا ____________ ۔

iv - ماروں گھٹنا ____________ ۔

v - قاضی کے گھر کے ____________ ۔

رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی)　　دوسرا گروپ　　(III) - 1st A 123 (سیکنڈری سکول پارٹ I، کلاس نہم)　　پرچہ I

وقت: 20 منٹ　　معروضی ...... Code: 5026　　مارکس : 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1 - اللہ کا گدا ہمیشہ مگن رہتا ہے

(A) عبادت میں　(B) اپنے آپ میں　(C) کام کاج میں　(D) کملی میں

2 - "دانا" کا مترادف ہے

(A) عاقل　(B) بالغ　(C) خاص　(D) حاکم

3 - "اتفاق" کا متضاد ہے

(A) فراق　(B) وفاق　(C) نفاق　(D) آفاق

4 - مصرع "اس زلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی" کا شاعر ہے

(A) انشا　(B) جرأت　(C) درد　(D) میر

5 - ماں کی گود میں سویا ہوا تھا / سوئی ہوئی تھی

(A) بلی　(B) سلیم　(C) لڑکی　(D) بیدارا

6 - صبا آتی ہے

(A) مدینہ سے　(B) مکہ سے　(C) جدہ سے　(D) طائف سے

7 - طالب علم نے جتنے سال میں لاء کلاس کا کورس پورا کیا

(A) چار　(B) دو　(C) تین　(D) پانچ

8 - "خان" کی مؤنث ہے

(A) خانم　(B) خانی　(C) خانو　(D) خائن

9 - حافظ عالم نے مسلمانوں کو دارالامان ________ کی طرف رُخ کرنے کا حکم دیا

(A) مکہ　(B) مدینہ　(C) طائف　(D) یمن

10 - "طفل" کی جمع ہے

(A) طفال　(B) انطال　(C) افلاط　(D) اطفال

11 - آتش نے ہمیشہ وصف لکھے

(A) زُلفِ یار کے　(B) بتوں کے　(C) دندانِ یار کے　(D) اپنے

12 - کرنیلوں کو رہائش کے لیے بنگلے ملتے ہیں

(A) اے کلاس　(B) بی کلاس　(C) سی کلاس　(D) ڈی کلاس

13 - لوگ اکثر مرزا غالب کو خط لکھتے تھے

(A) محبت بھرے　(B) دُکھ بھرے　(C) بیرنگ　(D) طویل

14 - "حبیب" کی جمع ہے

(A) اصحاب　(B) احباب　(C) حبائب　(D) صاحب

15 - ملازم کوٹ رہا تھا

(A) نمک　(B) مرچیں　(C) ریٹھے　(D) گرم مصالحہ

رول نمبر اُمیدوار : ______________

اُردو (لازمی) (پہلا گروپ) (I) - 122 (سیکنڈری سکول پارٹ I، کلاس نہم) پرچہ I

وقت: 20 منٹ معروضی Code: 5021 ...... مارکس : 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1 - بی جان کا بیٹا ______ انسانی جانوں کو بچاتے ہوئے شہید ہو گیا۔

(A) اکرم (B) محمد (C) احمد (D) محمود

2 - نواب مصطفیٰ خان کے مکان کے آگے ______ تاریک تھا۔

(A) راستا (B) چھتا (C) پردہ (D) برآمدہ

3 - مرزا فرحت اللہ بیگ ابتداء میں ______ کے قلمی نام سے لکھتے رہے۔

(A) کولمبس (B) فرحت (C) مرزا الم نشرح (D) باباجی

4 - ایک بوڑھی بیوہ، شیخ جمن کی ______ تھیں۔

(A) چچی (B) خالہ (C) ممانی (D) بہن

5 - سراقہ بن جعشم کو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے غلام عامر بن فہیرہ نے ______ کے ایک ٹکڑے پر امان نامہ لکھ دیا۔

(A) کپڑے (B) کاغذ (C) چمڑے (D) لکڑی

6 - امتیاز علی تاج کے والد، مولوی ممتاز علی کو ______ کا خطاب ملا۔

(A) سر (B) شمس العلماء (C) خان بہادر (D) غیور جنگ

7 - سبق "لہو اور قالین" میں کوٹھی النشاط کے مالک کا نام ______ ہے۔

(A) اختر (B) نیازی (C) تجمل (D) رؤف

8 - علامہ محمد اقبالؒ کا انتقال ______ کو ہوا۔

(A) 21 اپریل 1937ء (B) 21 اپریل 1938ء (C) 21 اپریل 1939ء (D) 21 اپریل 1940ء

9 - میر کے بقول "یاں کی ______ خواب کی سی ہے"۔

(A) بات (B) رات (C) ذات (D) اوقات

10 - شاعر کے مطابق آفاق میں اللہ کے پیغام کی ______ پھیلے گی۔

(A) لہک (B) مہک (C) چھک (D) دھنک

11 - بلد کی جمع ______ ہے۔

(A) ابلاد (B) بلدان (C) بلاد (D) بلدیہ

12 - "صُلحا" کا واحد ______ ہے۔

(A) صُلح (B) اِصلاح (C) صَالح (D) صالحہ

13 - دیئے گئے اسماء میں سے ______ مؤنث ہے۔

(A) پتنگ (B) میل (C) ماضی (D) اخبار

14 - دین دار کا متضاد ______ ہے۔

(A) بے دین (B) بلادین (C) نادین (D) دنیا دار

15 - "تیرگی" مترادف ______ ہے۔

(A) روشنی (B) روشن (C) ظلمت (D) سفیدی



1- 2- 3- 4- 5- 6- 7-

اُردو (لازمی) (پہلا گروپ) 122 (سیکنڈری سکول پارٹ I، کلاس نہم) پرچہ I

وقت: 2:10 گھنٹے (انشائی) مارکس: 60

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجئے: (6+4 = 10)

### (حصہ نظم)

(3x2=6)

i - جچتا نہیں نظروں میں یاں خِلعتِ سُلطانی ...... کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

ii - جو بے داغ لالہ ، جو بے خار گُل ہے ...... وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے

iii - پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں ...... گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

iv - ہے لازوال عہدِ خزاں اُس کے واسطے ...... کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

### (حصہ غزل)

(2x2=4)

i - عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن ...... دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

ii - ہم کو اُن سے ، وفا کی ہے اُمید ...... جو نہیں جانتے ، وفا کیا ہے

iii - ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار ...... قلم اپنا موتی پرویا کیا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھئے:- (5+5 = 10)

(الف) مرزا اپنے دوستوں کے ساتھ ، جو گردشِ روزگار سے بگڑ گئے تھے ، نہایت شریفانہ طور سے سلوک کرتے تھے۔ دِلّی کے عمائد میں سے ایک صاحب جو مرزا کے دِلی دوست تھے اور ۱۸۵۷ء کے بعد ان کی حالت سقیم ہو گئی تھی۔

(ب) عام طور پر بُلبُل کو آہ و زاری کی دعوت دی جاتی ہے اور رونے پیٹنے کے لیے اُکسایا جاتا ہے۔ بُلبُل کو ایسی باتیں بالکل پسند نہیں۔ ویسے بُلبُل ہونا کافی مضحکہ خیز ہوتا ہوگا۔ بُلبُل اور گلاب کے پھول کی افواہ کسی شاعر نے اُڑائی تھی جس نے رات گئے گلاب کی ٹہنی پر بُلبُل کو نالہ و شیون کرتے دیکھا تھا۔

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے:- (10)

i - انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے۔

ii - ٹیلی وژن پر آنے والی کون سی خبر سے بی جان پریشان ہو گئیں؟

iii - بلّی کتنے عرصے میں سدھائی جا سکتی ہے؟

iv - دلی قوئی کو بے کار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟

v - شریف زادے کی غزل سُن کر سوؔدا نے کیا کہا؟

vi - پھولوں میں کس کی خوشبو ہے؟ (نعت)

vii - تیز اللہ تعالیٰ کی عظمت کیسے بیان کرتے ہیں؟

viii - مقطع کی مختصر تعریف بیان کیجئے۔

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے:- (5)

(الف) ہجرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ب) اِمتحان

6 - شاملِ نصاب نظم " نعت " کا خلاصہ **یا** مرکزی خیال لکھئے۔ (5)

7 - کسی اخبار کے مدیر کے نام خط لکھ کر ٹریفک کی بدانتظامی کی طرف توجہ دلائیے۔ **یا** ہیلتھ آفیسر کے نام صفائی کا مناسب انتظام کرنے کی درخواست لکھئے۔ (10)

8 - کپڑوں کی سلائی کے موضوع پر گاہک اور درزی کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے۔ **یا** " اتفاق میں برکت " کے عنوان سے ایک کہانی لکھئے۔ (5)

9 - درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے: (5)

i - جی نے چاہا تو آؤں گا۔

ii - فقیر نے ہمت کو ہار دیا۔

iii - اکرم نے لاہور جانا ہے۔

iv - سامان ، مکانات ، دکانیں سب کچھ جل گئے۔

v - جماعت کراچی چلی گئیں۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجئے:

i - باسی کڑھی ____________ ۔

ii - ڈوبتے کو تنکے ____________ ۔

iii - قاضی کے گھر کے ____________ ۔

iv - دل کو دل سے ____________ ۔

v - آب و دانہ ____________ ۔

رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) (I) - 122 (سیکنڈری سکول پارٹ I، کلاس نہم) پرچہ I

وقت: 20 منٹ معروضی ...... Code: 5022 مارکس : 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1 - ______ اپنے اسلوب بیان کا موجد بھی ہے اور خاتم بھی۔
(A) مولانا شبلی نعمانی (B) ظفر علی خاں (C) محمد حسین آزاد (D) احمد ندیم قاسمی

2 - طالب علم لیمپ روشن کر کے آرام سے سات بجے سے سو جاتا اور صبح ______ بجے اُٹھتا۔
(A) چھے (B) آٹھ (C) نو (D) دس

3 - ______ نے کہا " اندھے کو اندھیرے میں بہت دُور کی سُوجھی "۔
(A) سید انشا (B) سودا (C) غالب (D) جرات

4 - شطرنج میں ______ پر زور پڑتا ہے۔
(A) حافظے (B) مزاج (C) آنکھوں (D) طبیعت

5 - بی جان نے اپنے گھر میں ______ بنایا۔
(A) سکول (B) ٹیوشن سنٹر (C) آگاہی سنٹر (D) بیوٹی پارلر

6 - عام طور پر بُلبُل کو ______ کی دعوت دی جاتی ہے۔
(A) آہ و زاری (B) اُڑنے (C) گانے (D) شور مچانے

7 - مرزا غالب کی آمدنی غدر کے بعد کچھ اوپر ______ سو روپے ماہوار ہو گئی تھی۔
(A) ایک (B) ڈیڑھ (C) دو (D) پانچ

8 - شاعر نے دو گز زمین کا کنایہ ______ کیلئے استعمال کیا ہے۔
(A) گھر (B) جنت (C) قبر (D) آخرت

9 - " رسم " کی جمع الجمع ______ ہے۔
(A) رواسم (B) رسومات (C) ارسام (D) رسوم

10 - " نشیب " کا متضاد ______ ہے۔
(A) پست (B) فرائض (C) افراض (D) فراز

11 - " تبرک " کی جمع ______ ہے۔
(A) تبرکات (B) تبراک (C) تبارک (D) تبورک

12 - " علامات " کا مترادف ______ ہے۔
(A) الم (B) الامتیں (C) آثار (D) الام

13 - " قصائی " کی مؤنث ______ ہے۔
(A) قصابی (B) قصائن (C) قصی (D) کاسبی

14 - نصابی کتاب کے حوالے سے " حمد " کے شاعر کا نام ______ ہے۔
(A) مولانا الطاف حسین حالی (B) علامہ محمد اقبال (C) مولانا ظفر علی خان (D) امیر مینائی

15 - نظم " برسات کی بہاریں " ______ کی ہیت میں تحریر کی گئی ہے۔
(A) آزاد (B) مُعرّیٰ (C) مسدس (D) مخمس

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 122 (سیکنڈری سکول پارٹ I، کلاس نہم) پرچہ I

وقت: 2:10 گھنٹے (انشائی) مارکس: 60

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (6+4 = 10)

### (حصہ نظم)

i - قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اس سے سوا تیرا ...... اک بندۂ نافرماں ہے حمد سرا تیرا (3x2=6)

ii - تری راہ میں خاک ہوجاؤں مر کر ...... یہی میری حُرمت، یہی آبرو ہے

iii - بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں ...... جھڑیوں کی مستیوں سے دُھومیں مچا رہے ہیں

iv - ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ ...... ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

### (حصہ غزل)

i - ہستی اپنی حباب کی سی ہے ...... یہ نمائش سراب کی سی ہے (2x2=4)

ii - میں بھی مُنھ میں زبان رکھتا ہوں ...... کاش پُوچھو کہ مدّعا کیا ہے

iii - ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں ...... اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (5+5 = 10)

(الف) جس طرح بڑی بڑی دکانوں کے دروازوں پر انسانی پیکروں کو نہایت خوب صورت اور شفاف لباس پہنا کر انھیں الماریوں کے اندر سجا دیا جاتا ہے تا کہ لوگ ان حسین و جمیل مجسموں کو دیکھ کر دکانداروں کے اعلیٰ ذوق اور ان کی شان و شوکت سے مرعوب ہو جائیں، اسی طرح آپ بھی اپنی امارت اور اپنی شخصیت کی نمائش کے لیے میری ذات اور میرے فن کو استعمال کر رہے تھے۔

(ب) ایک دفعہ جب رمضان گزر چکا تو (غالبؔ) قلعے میں گئے۔ بادشاہ نے پوچھا: "مرزا! تم نے کتنے روزے رکھے؟" عرض کیا: "پیرو مرشد! ایک نہیں رکھا۔" ایک دن نواب مصطفیٰ خان کے مکان پر ملنے کو آئے۔ ان کے مکان کے آگے چھتا تاریک تھا۔ جب چھتے سے گزر کر دیوان خانے کے دروازے پر پہنچے تو وہاں نواب صاحب ان کے لینے کو کھڑے تھے۔

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:- (10)

i - سبق "مرزا غالبؔ کے عادات و خصائل" کے مصنف کون ہیں اور کہاں پیدا ہوئے؟

ii - سرسید نے سب سے بڑی کاہلی کسے کہا ہے؟

iii - سبق "لہو اور قالین" میں مصور "اختر" کا حلیہ بیان کیجیے۔

iv - بُلبُل کے گانے کی کیا وجہ ہے؟

v - دیہاتی لڑکے کی کہانی سن کر سلیم میاں پر کیا اثر ہوا؟

vi - نعت کے شاعر امیر مینائی کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟

vii - تیتر اللہ تعالیٰ کی عظمت کیسے بیان کرتے ہیں؟

viii - غالبؔ نے غزل میں کسے ناداں کہا ہے؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے:- (5)

(الف) پنچایت (ب) قدرِ ایاز

6 - شاملِ نصاب نظم "نعت" کا خلاصہ **یا** مرکزی خیال لکھیے۔ (5)

7 - اپنے دوست کے نام خط میں کوئی ایسا واقعہ بیان کیجیے جس سے آپ کی حاضر دماغی کا اندازہ ہوتا ہو۔ **یا** ڈاکیے کی شکایت کیلئے پوسٹ ماسٹر کے نام درخواست لکھیے۔ (10)

8 - پڑھائی کے موضوع پر دو ہم جماعتوں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ **یا** "ایسے کو تیسا" کے عنوان سے ایک کہانی لکھیے۔ (5)

9 - درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: (5)

i - زوہیب نے لندن جانا ہے۔

ii - کتابیں، کاپیاں، رجسٹر سب کچھ فروخت ہو گئے۔

iii - شاکر نے کہانیوں کی کتاب کو پڑھا۔

iv - محمود نے پیدل چلا۔

v - عورتوں نے کہا ہم کرکٹ کھیلتی ہیں۔

**یا** درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے:

i - ماروں گھٹنا ________ ۔

ii - لاد دے لدا دے ________ ۔

iii - فقیر کی صورت ________ ۔

iv - یہاں کا باوا آدم ہی ________ ۔

v - دل کو دل سے ________ ۔

2-122-137000